SIFE زبانی انٹرویو

سوالنامہ

ہدایات اور رہنمائی

THE STATE EDUCATION DEPARTMENT / THE UNIVERSITY OF THE STATE OF NEW YORK / ALBANY, NY 12234
Office of P-12

55 Hanson Place, Room 594
Brooklyn, New York 11217
Tel: (718) 722-2445 / Fax: (718) 722-2459

89 Washington Avenue, Room 528EB
Albany, New York 12234
(518) 474-8775 / Fax: (518) 474-7948

THE UNIVERSITY OF THE STATE OF NEW YORK

Regents of The University

MERRYL H. TISCH, *Chancellor,* B.A., M.A., Ed. D. ..... New York
ANTHONY S. BOTTAR, *Vice Chancellor,* B.A., J.D. ..... Syracuse
JAMES R. TALLON, JR., B.A., M.A. ..... Binghamton
ROGER TILLES, B.A., J.D. ..... Great Neck
CHARLES R. BENDIT, B.A. ..... Manhattan
BETTY A. ROSA, B.A., M.S. in Ed., M.S. in Ed., M.Ed., Ed. D. ..... Bronx
LESTER W. YOUNG, JR., B.S., M.S., Ed. D. ..... Beechhurst
CHRISTINE D. CEA, B.A., M.A., Ph.D. ..... Staten Island
WADE S. NORWOOD, B.A. ..... Rochester
KATHLEEN M. CASHIN, B.S., M.S., Ed. D. ..... Brooklyn
JAMES E. COTTRELL, B.S., M.D. ..... New York
T. ANDREW BROWN, B.A., J.D. ..... Rochester
JOSEPHINE VICTORIA FINN, B.A., J.D. ..... Monticello
JUDITH CHIN, M.S. in Ed ..... Little Neck
BEVERLY L. OUDERKIRK, B.S. in Ed., M.S. in Ed ..... Morristown
CATHERINE COLLINS, R.N., N.P., B.S., M.S. in Ed, Ed. D. ..... Buffalo
JUDITH JOHNSON, B.A, M.A., C.A.S. ..... New Hempstead

Commissioner of Education and President of the University
MARY ELLEN ELIA

Executive Deputy Commissioner
ELIZABETH R. BERLIN

Deputy Commissioner of P-12 Instructional Support
ANGELICA INFANTE-GREEN

Assistant Commissioner of the Office of Bilingual Education and World Languages
LISSETTE COLON-COLLINS

The New York State Education Department wish to thank the NYS Board of Regents, the SIFE Workgroup, and many others who helped with the development of identification instruments to serve the Students with Interrupted/Inconsistent Formal Education (SIFE). Special thanks to Rachel Hoff, NYCDOE; Wanda Ortiz-Rivera, UFSD; Judy Goris-Moroff, HUFSD; Rejane Ribeiro and Sharon Deland, Patchogue-Medford; Cecilia Blanco, South Huntington; Maria Fielteau, Utica; Tiara Reyes Vega, Yonkers; The BRIDGEs Program staff; Elaine Klein, Annie Smith, Suzanna McNamara, Aika Swai, and many others.

The State Education Department does not discriminate on the basis of age, color, religion, creed, disability, marital status, veteran status, national origin, race, gender, genetic predisposition or carrier status, or sexual orientation in its educational programs, services and activities. Portions of this publication can be made available in a variety of formats, including braille, large print or audio tape, upon request. Inquiries concerning this policy of nondiscrimination should be directed to the Department's Office for Diversity and Access, Room 530, Education Building, Albany, NY 12234.

مشمولات کی فہرست

مقصد..... 1

SIFE کی شناخت کے لیے رہنما اصول..... 1

سوالنامہ پُر کرنے کا طریقہ کار: قابل عملہ..... 2

SIFE سوالنامہ پُر کیے جانے کا طریقہ کار: پروٹوکولز 2

ذاتی اور زبان کی معلومات کے لیے ہدایات..... 3

وارم-اپ سوالات کے لیے ہدایات..... 3

بینچ مارک 1 کے لیے ہدایات: خاندان اور گھرانے کا پس منظر..... 3

بینچ مارک 2 کے لیے ہدایات: تعلیمی کوائف..... 4

بینچ مارک 3 کے لیے ہدایات: زبان اور خواندگی کی مشقیں..... 4

بینچ مارک 4 کے لیے ہدایات: دیگر سوالات 5

بینچ مارک 5 کے لیے ہدایات: کارکردگی کے سوالات..... 5

ملٹی لنگویل خواندگی کی تشخیص..... 6

مقصد

SIFE زبانی انٹرویو کا سوالنامہ ایک ٹول ہے جسے ان طلبا کی نشاندہی کرنے میں مدد کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے جو ممکنہ طور پر خلل یافتہ/غیر ہموار[1] باضابطہ تعلیم (SIFE) والے طلباء ہیں اور انہیں مناسب خدمات فراہم کی جاسکیں۔ مناسب اہلکاروں کو چاہیے کہ وہ یقینی بنائیں کہ ان طلباء کی نشاندہی کے عمل میں ذیل کے اقدامات اس ترتیب میں شامل ہوں:

1. گھریلو زبان میں سوالنامہ دیں (Home Language Questionnaire (HLQ))
2. طالب علم کے ساتھ اور والدین/سرپرستوں کے ساتھ انگریزی اور مادری زبان میں ایک انٹرویو منعقد کریں
3. طلباء کے کام کے نمونوں، اسکول ریکارڈز، اور پچھلی تفویضات کا جائزہ لیں
4. انگریزی زبان سیکھنے والوں کے لئے نیو یارک ریاست کی شناختی جانچ (New York State Identification Test for English Language Learners (NYSITELL))کے نتائج حاصل کریں
5. SIFE زبانی انٹرویو سوالنامہ دیں
6. SIFE(انسٹرومینٹ) دیں
7. ملٹی لنگویل خواندگی کی تشخیص کی ایڈمنسٹریشن ۔ (MLD) (صفحہ چھ ملاحظہ کریں)۔

SIFE کی شناخت کے لیے رہنما اصول

1. بروقت طریقہ پر SIFE کی شناخت کریں۔ (شناخت اور ELLs کی تقرری کا طرز عمل بشمول SIFE طلباء، کو طالب علم کی ابتدائی شمولیت یا اسکول ڈسٹرکٹ میں دوبارہ داخلے کے دس (10) اسکولی دنوں کے اندر مکمل کیا جانا چاہیے)۔

2. ڈیٹا کو جمع کریں اور اس کو علیحدہ کریں، بشمول:

- آمد پر عمر
- نقل و حرکت
- داخلہ کے وقت کتنے سال اسکول میں گزارے تھے
- اپنے وطن اور امریکہ میں سیکھے گئے مشمولات کی قسم اور دائرۂ کار

3. شناخت کے عمل کی احتیاط سے دستاویز سازی کریں

نوٹ: ہر ایک اسکول ڈسٹرکٹ کو ابتدائی شناخت کے عمل اور بعد کے تمام جائزہ کے عمل سے متعلقہ تمام دستاویزات کو، بشمول گھریلو زبان کا سوالنامہ، انگریزی زبان دانی کی استطاعت کی شناخت کے تشخیصی نتائج، اور کوئی دیگر ریکارڈز جو اس شناخت کے عمل اور جائزہ کے عمل کے سبب وجود میں آئے ہوں جیسا کہ اس سیکشن کی تصاویر (a) اور (b) میں بتایا گیا ہے، برقرار رکھا جائے۔ اس معلومات کو طالب علم کے مجموعی ریکارڈ کے ایک جز کے بطور برقرار رکھا جائے گا۔

4. تقرری — دولسانی تدریس/انگریزی بطور ایک نئی زبان

[1] غیر ہموار تعلیم کا مطلب یہ ہے کہ طالب علم کو اپنی تعلیم کے حصول میں وقفے وقفے سے رکاوٹوں کا سامنا ہوا ہو جن کی مجموعی مدت دو سال یا اس سے زائد ہو۔

سوالنامہ پُر کرنے کا طریقہ کار: قابل عملہ

اس انٹرویو میں تقریباً 20 منٹ کا وقت لگنا چاہیے اور اسے کسی قابل عملہ کے ذریعہ پُر کیا جانا چاہیے اور اس کا انعقاد طالب علم کی ابتدائی یا گھریلو زبان میں کیا جانا چاہیے۔ اگر ضروری ہو، تو ایک مترجم فراہم کیا جانا چاہیے۔

"قابل عملہ" کون ہوتا ہے؟

ایک دو لسانی یا انگریزی سے دیگر زبانوں میں بات کرنے والا (English to Speakers of Other Languages (ESOL)) ٹیچر جو:

- New York State میں CR پارٹ 80 ;کے تحت سند یافتہ ہو،
- طالب علم اور والدین یا والدین کے کسی رشتہ دار کی مادری زبان میں روانی رکھتا ہو، یا
- اس زبان کے کسی قابل مترجم/ترجمہ نگار کا استعمال کرتا ہے جس زبان کو طالب علم، یا والدین یا والدین کے رشتہ دار میں سے کوئی فرد بہتر سمجھتا ہو، یا

ایک ٹیچر جو:

- New York State میں CR پارٹ 80 کے تحت سند یافتہ ہو
- ثقافتی استطاعت، زبان کی ترقیات، اور انگریزی زبان سیکھنے والوں کی ضروریات کے موضوع میں تربیت یافتہ ہو، اور
- طالب علم، یا والدین یا والدین کے رشتہ دار کی گھریلو زبان میں مہارت رکھتا ہو، یا
- اس زبان کے کسی قابل مترجم/ترجمہ نگار کا استعمال کرتا ہے جس زبان کو طالب علم یا والدین یا والدین کے رشتہ دار میں سے کوئی فرد بہتر سمجھتا ہو۔

SIFE سوالنامہ پُر کیے جانے کا طریقہ کار: پروٹوکولز

1. انٹرویو کو ایک خاموش، توجہ بانٹنے سے پاک ماحول میں منعقد کیا جانا چاہیے۔ ایک خیر مقدمی ماحول کو یقینی بنائیں، کیونکہ طلباء اسکول میں رہنے اور اسکول کے ماحول کی توقعات سے ناواقف ہیں۔ ایک والدین یا سرپرست کو موجود ہونا چاہیے اگر یہ ممکن ہو، لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔ طلباء کو بغیر والدین یا سرپرست کی مدد کے تمام سوالوں کا جواب دینا ہوگا، لیکن اگر ضروری ہو تو والدین وضاحت فراہم کر سکتے ہیں۔
2. سوالات کو باآواز بلند پڑھ کر طلباء کو سنانا ہوگا اور انہیں دوہرانا پڑ سکتا ہے۔ ممکنہ جوابات نہ بتائیں۔ سفارش کردہ متابعتی سوالات حسب ضرورت پوچھے جا سکتے ہیں۔
3. جوابات واضح طور پر لکھیں اور کوئی مخفف استعمال نہ کریں۔
4. فارم پر موجود بریکیٹس میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور نیچے دی گئی رہنمائی سے رجوع کریں۔
5. بینچ مارک 5 سوالات کے لیے ضروری ہے کہ انٹرویو کنندہ کے پاس ایک دنیا کا نقشہ یا ایک گلوب اور ایک اینالاگ گھڑی موجود ہو۔

ذاتی اور زبان کی معلومات کے لیے ہدایات

اس سیکشن کا مقصد دیگر دستاویزات پر فراہم کردہ معلومات کی تصدیق اور تکمیل کرنا اور تقرری اور پروگرامنگ کے لیے ضروری بنیادی معلومات فراہم کرنا ہے۔ علاوہ ازیں، انٹرویو کنندہ طالب علم کی اشاروں کو سمجھ کر جواب دینے کی استطاعت کا تعین بنیادی معلومات پوچھ کے کر سکتا ہے۔ توثیق کے لیے، یہ ضروری ہے کہ جوابات کو اسکول ریکارڈز اور دیگر دستیاب دستاویزات سے ملایا جائے۔

اگر طالب علم ظاہر کرتی ہے کہ وہ کثیر لسانی ہے، تو متابعتی سوالات کو یہ متعین کرنا چاہیے کہ طالب علم کی ابتدائی یا گھریلو زبان کون سی ہے۔ اگر ضروری ہو، تو متعین کریں کہ آیا ابتدائی زبان کوئی علاقائی بولی ہے۔ اگر طالب علم کسی سوال کا جواب دینے سے قاصر ہو، تو والدین یا سرپرست، اگر موجود ہو تو مدد کر سکتے ہیں۔

وارم-اپ سوالات کے لیے ہدایات

اس سیکشن کا مقصد طالب علم کو انٹرویو کے فارمیٹ کے لیے تیار کرنا اور اس کی زبانی اشاروں کو سمجھ کر جواب دینے کی استطاعت کا تعین کرنا ہے۔ فراہم کردہ جوابات باہری دلچسپیوں اور صلاحیتوں کا اظہار کر سکتے ہیں اور/یا سماجی، جذباتی، یا معاشی مشکلات پر روشنی ڈال سکتے ہیں اور ممکنہ خدمات کی ضرورت کا اشارہ کر سکتے ہیں۔

متبادل یا متابعتی سوالات:

کیا آپ کھیل کھیلتے ہیں؟ اگر ایسا ہے، تو مجھے اس کھیل کے بارے میں بتائیں جو آپ کھیلتے ہیں۔

جب آپ اسکول میں نہیں ہوتے تو کیا آپ کام کرتے ہیں؟ اگر ایسا ہے، تو اپنے کام کی وضاحت کریں۔

نیو یارک/اپنی کمیونٹی میں رہنے کے بارے میں آپ کو کیا چیز پسند ہے؟

بینچ مارک *1* کے لیے ہدایات: خاندان اور گھرانے کا پس منظر

اس سیکشن میں طالب علم کے سماجی، ثقافتی، اور معاشی حالات کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گا اور اس کا تعین کرنے میں مدد کرے گا کہ طالب علم پر کس درجہ کی مسابقتی خاندانی اور کام کی ذمہ داریاں ہیں اور/یا اس کا تعین کرنے میں مدد ملے گی کہ خاندان اور توسیعی خاندان کے اراکین کس درجہ کا تعاون دیتے ہیں اور/یا طالب علم کی تعلیم میں شامل ہیں۔

کوئی نامعلوم اصطلاح، جیسے "ثانوی اسکول" یا "گریجویٹ اسکول" کی وضاحت/تشریح کی جا سکتی ہے، یا اسے حسب ضرورت کسی اور اصطلاح سے بدلا جا سکتا ہے۔

ذیل کے عوامل کو ذہن میں رکھیں جو SIFE طالب علم کی زندگی کے اہداف، اسکولی زندگی کی خواہشات اور توقعات پر اثر انداز ہوتے ہیں: ایک SIFE طالب علم ایک نئی اور مختلف ثقافت میں داخل ہوتا ہے، جس میں ظاہری اور باطنی سماجی/ برتاؤ کے قواعد، ثقافتی ترجیحات اور نامانوس اقدار کا نظام شامل ہے۔ وہ قابل اعتماد اعانتی نظام تک رسائی جیسے کہ توسیعی خاندان، دوستوں اور/یا مانوس اور قابل پیش گوئی (روٹین کے) معمولات سے دوری کے فقدان کے سبب بے چینی کے احساس کاشکار ہو سکتے ہیں، ان میں امریکی اسکولوں میں متوقع سماجی-تدریسی اور ثقافتی استطاعتوں کی مکمل رینج کا بھی فقدان پایا جاسکتا ہے۔ ثانوی سطح پر، خاندانی اور کام کی ذمہ داریوں کے مسابقتی مطالبات اور تعلیمی بینچ مارک کے حصول میں وقت کے دباؤ کے سبب اسکول چھوڑنے کے خطرہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے باوجود، SIFEs نے زندگی کے متنوع تجربات کا سامنا کیا تھا جنھیں اگر مناسب ڈھنگ سے برتا جائے تو ایک پیداواری اسکولی کیریئر بنایا جا سکتا ہے۔

بینچ مارک 2 کے لیے ہدایات: تعلیمی کوائف

یہ سیکشن طالب علم کے تعلیمی کوائف پر ایک تفصیلی معلومات فراہم کرے گا اور اس کا تعین کرنے میں مدد کرے گا کہ آیا طالب علم کی تعلیم میں کوئی مداخلتیں یا نا ہمواری رہی ہے۔ چونکہ امریکہ میں گریڈ کی سطحیں ہمیشہ دیگر ممالک کی مطابقت میں نہیں ہوتی ہیں لہذا، طلباء سے سوالات ان کی عمر کی بنیاد پر کریں۔ جیسا کہ ہدایات میں ظاہر کیا گیا ہے، اس طرح سوال پوچھتے ہوئے آغاز کریں، "جب آپ [عمر] سال کے تھے۔ ۔"عمر کی پہلی رینج سے شروعات کریں۔ پھر اس قطار میں شامل سبھی سوالات پوچھیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ ایک خالی کالم بائیں جانب شامل کیا گیا ہے تاکہ عمر کی رینج کو دستی طور پر طالب علم کے جوابات کی بنیاد پر گریڈ کی سطح سے مماثل کیا جائے۔ اس کا استعمال اس صورت میں کیا جانا چاہیے جب کوئی ٹرانسکرپٹ یا دستاویز دستیاب نہ ہو، لیکن اس کی جانچ دستیاب ریکارڈز کی مطابقت میں بھی کی جانی چاہیے۔

سوال" **اسکول میں آپ نے کتنا وقت گزارا؟**" کے لیے ظاہر کریں کہ طالب علم نے پورے تعلیمی سال، سال میں جزوی طور پر، کتنے مہینے یا کتنے گھنٹے شرکت کی۔ سوال "کیا اس سال میں آپ نے اسکول سے باہر تعلیم حاصل کی؟" کے لیے ممکنہ جواب میں شامل ہو سکتے ہیں شام کا **اسکول/تعلیم** جاری رکھنے والے اسکول، گھر پر تدریس، یا ایک نجی ٹیوٹر کے ذریعہ سیشنز۔

"اضافی معلومات" کے باکس کا استعمال اس معلومات کو ریکارڈ کرنے کے لیے کیا جانا چاہیے جو کسی اور جدول میں ریکارڈ نہ کی گئی ہو۔

"اضافی معلومات" کے باکس کے نیچے تین کھلے سوالات ہیں جو طالب علم کو اس کے اپنے وطن میں اسکولی تجربہ کی وضاحت کرنے کو کہتے ہیں۔ جتنی زیادہ ہوسکے تفصیلات فراہم کریں اور حسب ضرورت مناسب متابعتی سوالات پوچھیں۔ اضافی یا متابعتی سوالات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

آج صبح اسکول میں آتے ہی آپ نے سب سے پہلا کام کیا کیا؟

اپنے کلاس روم کے بارے میں کیا چیز آپ کو پسند آئی؟

کون سے مضامین پڑھنے میں آپ کو لطف آتا ہے؟ وضاحت کریں کہ ایسا کیوں ہے۔

کون سا مضمون پڑھنے میں آپ کو لطف نہیں آیا؟ وضاحت کریں کہ ایسا کیوں ہے۔

کیا آپ نے اپنے پسندیدہ مضمون میں بہتر کار کردگی دکھائی؟ وضاحت کریں۔

کیا آپ کو ایسا لگا کہ آپ سیکھ رہے ہیں؟ وضاحت کریں کہ ایسا کیوں یا کیوں نہیں تھا۔

کیا آپ مجھے اپنی پسندیدہ ٹیچر کے بارے میں بتا سکتے ہیں؟

کیا تمھارے دوستوں کا گروپ ہے؟ مجھے ان کے بارے میں بتائیں۔

دونوں اشارے اور جوابات کو تینوں سوالات کے نیچے دی گئی جگہ پر ریکارڈ کریں۔

بینچ مارک 3 کے لیے ہدایات: زبان اور خواندگی کی مشقیں

اس سیکشن کا مقصد طالب علم کے ذریعہ اسکول کے ماحول سے باہر زبان کے استعمال کے بارے میں تفصیلات فراہم کرنا، ان کی موجودہ لکھنے پڑھنے کی سرگرمیوں میں مصروفیات، اور ان کی کمپیوٹر ٹیکنالوجی اور دیگر ذرائع کے تجربات کے بارے میں تفصیلات فراہم کرنا ہے۔

کسی بھی ایسی اصطلاح کی وضاحت کریں جن سے طالب علم نا واقف ہو۔ فارم پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور ایک یا ان سبھی باکسز کو نشان زد کریں جن کا اطلاق ہوتا ہو۔

بینچ مارک *4* کے لیے ہدایات: دیگر سوالات

یہ سیکشن طالب علم کے کیریئر اور [مطالعہ] کے اہداف کے بارے میں ہے۔ پہلا سوال، "آپ مستقبل میں کیا بننا چاہتے ہیں؟" تمام طلباء سے پوچھا جا سکتا ہے، اور ان کی تشریح میں ترمیم کی جا سکتی ہے۔ مثلاً، اس کے بجائے ذیل کے سوالات پوچھ سکتے ہیں:

آپ مستقبل میں کس قسم کا کام کرنا چاہیں گے؟

اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ کس قسم کی ملازمت کرنا چاہیں گے؟

اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ کس قسم کا کردار ادا کرنا چاہیں گے؟

چھوٹے بچوں سے آپ یہ سوال پوچھ سکتے ہیں، " بڑے ہوکر آپ کیا بننا چاہتے ہیں؟"

بینچ مارک *5* کے لیے ہدایات: کارکردگی کے سوالات

اس سیکشن کا مقصد دئیے گئے اشاروں پر طالب علم کی بنیادی کام کرنے کی صلاحیت کی قدر پیمائی کرنا ہے۔

پہلے آئٹم کے لیے، انٹرویو کنندہ کے پاس اس کمرے میں ایک عالمی نقشہ یا گلوب ہونا چاہیے جہاں انٹرویو منعقد ہو رہا ہو۔

طالب علم کو حسب ذیل اشارے دیں:

اب میں آپ سے کچھ کام کرنے کے لیے کہنے والا/ والی ہوں- سب سے پہلے، میں چاہتا/چاہتی ہوں کہ آپ اس *[گلوب/نقشہ]* میں دکھائیں کہ آپ کا وطن کہاں پر واقع ہے اور مجھے اس کا نام بتائیں-

اس کے بعد، میں چاہتا/چاہتی ہوں کہ آپ اس *[گلوب/نقشہ]* میں اپنے ملک کے صدر مقام کا پتہ لگائیں- اس کی جانب اشارہ کریں، اور مجھے اس کا نام بتائیں-

تبصرہ کے باکس میں، ذیل کی معلومات ریکارڈ کریں:

- طالب علم کی اشارے سمجھنے کی اہلیت
- طالب علم کی کام کرنے کی اہلیت
- تشریح کے الفاظ، حسب اطلاق

دوسرے آئٹم کے لیے، انٹرویو کنندہ کے پاس کمرے میں جہاں انٹرویو منعقد ہو رہا ہو، ایک اینالاگ گھڑی دستیاب ہونی چاہیے۔ یہ کوئی دیوار گیر گھڑی یا کلائی کی گھڑی ہو سکتی ہے۔

طالب علم کو حسب ذیل اشارے دیں: اب میں چاہتا /چاہتی ہوں کہ آپ اس *[دیوارگیر گھڑی/گھڑی]* کی جانب دیکھیں اور مجھے بتائیں کہ ابھی کیا وقت ہوا ہے۔

تبصرہ کے باکس میں، ذیل کی معلومات ریکارڈ کریں:

- طالب علم کی اشارے سمجھنے کی اہلیت
- طالب علم کی کام کرنے کی اہلیت
- تشریح کے الفاظ، حسب اطلاق

ملٹی لنگویل خواندگی کی تشخیص

ایم ایل ڈی (MLD)
ایک ملٹی لنگویل تشخیصی سُوٹ ہے جو ٹیچرز اور ایڈمنسٹریٹر کو ان کے طالب علم کی گھریلو زبان میں خواندگی سکلز کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جب اُن طالب علموں نے نیو یارک سٹیٹ کے سکول میں پڑھنا شروع کیا تھا۔ ایم ایل ڈی کو تعلیم دینے والے، لسانیات کی علم رکھنے والے، اور تحقیق کرنے والےماہرین نے سیکنڈ لینگویج ایکویزیشن لیب اور اربن سوسائٹی مینریسرچ انسٹیوٹ فار دا سٹڈی آف لینگویج (RISLUS) ،

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک گریجوایٹ سنٹر پر نیو یارک سٹیٹ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے بنایا تھا۔

ثقافتی موزونیت اور عمر کے لحاظ سے پڑھے جانے والے حصے مستندہیں اور اصلی عبارتیں مقامی ماہر اسپیکر کی طرف لکھی گئی ہیں۔ عبارتیں بہت احتیاط کے ساتھ علاقہ کے خاص الفاظ سے بچاؤ کرتے ہوئے لکھی گئی تھیں۔ عبارتیں اور موضوعات عام فہم گھریلو زبان کی ادبی روایات اور سٹائلز جو نئے آنے والے طالب علموں کو اپنے پچھلے کلاس روم سے ہی معلوم تھے میں چُنے گئے تھے۔ سوالوں کا انداز ہوم کنٹری کے امتحانی طریقہ کار سے زبان کے لحاظ سے مختلف ہے۔

متحرک ایم ایل ڈی مشق کے حصے کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔ اس کے بعد سکورڈ سوالات تیسرے درجے کے ایڈوانس لیول پر شروع ہوتے ہیں۔ بعد میں آنے والے ایم ایل ڈی سوالات درجہ اور مشکل پن کی طرف بڑہائے جاتے ہیں اگر اُن کے جوابات درست طور پر دیئے گئے ہیں اور درجہ اور مشکل پن میں کمی کی جاتی ہے اگر اُن سوالات کے جوابات غلط دیے گئے ہیں۔

ایم ایل ڈی کی لٹریسی سکلز اور صلاحیتوں کے بارے میں ٹیچر کی رپورٹ طالبعلم کے پڑہنے اور ذخیرہ الفاظ کےبارے میں تفصیلی بیان ہوتا ہے۔ یہ رپورٹ ہوم کنٹری کے لٹریسی سکلز اور قابلیتوں کے معیارکےمطابق گریڈ لیول (گریڈ 3 سے گریڈ 9) کی شناخت کرتی ہے۔